سوال

(58)جب عورت کو جنبی ہونے کا شک گزرے تو وہ کیا کرے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت کو خواب میں اکثر یہ شک ہوتا رہتا ہے کہ وہ جنبی ہوگئی ہے، حالانکہ اس کے خاوند نے اس کو چھواتک نہیں ہوتا اور یہ محض اس کا شک ہی ہے ۔ بعض اوقات تو جاگتے میں یہ شک ہونے لگتا ہے۔ اور وہ مسئلہ میں خاصی پریشان ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مذکورہ عورت پر،جس کو جنبی ہونے کا شک ہوتا رہتا ہے، محض شک کی بنیاد پر غسل کرنا واجب نہیں ہوتا کیونکہ حقیقت میں تو وہ جنبی نہیں ہے، نیز شرعی قاعدہ ہے "براءت ذمہ" اس کی بنیاد پر بھی اس پر غسل کرنا واجب نہیں ہوتا۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 103

محدث فتویٰ